شورش کاشمیری

محمدِ عربی ﷺ

ہم پہ ہو تیری رحمت جم جم صلّی اللہ علیک وسلّم
تیرے ثنا خواں عالم عالم صلّی اللہ علیک وسلّم

ہم ہیں تیرے نام کے لیوا اے دھرتی کے پانی دیوا
یہ دھرتی ہے برہم برہم صلّی اللہ علیک وسلّم

تیری رسالت عالم عالم تیری نبوّت خاتم خاتم
تیری جلالت پرچم پرچم صلّی اللہ علیک وسلّم

دیکھ تیری اُمت کی نبضیں‘ ڈوب چکی ہیں‘ ڈوب رہی ہیں
دِھیرے دِھیرے مدّھم مدّھم صلّی اللہ علیک وسلّم

دیکھ صدف سے موتی ٹپکے دیکھ حیا کے ساگر چھلکے
سب کی آنکھیں پُرنَم پُرنَم صلّی اللہ علیک وسلّم

قریہ قریہ بستی بستی دیکھ مجھے ، میں دیکھ رہا ہوں
نوحہ‘ نوحہ‘ ماتم ماتم‘ صلّی اللہ علیک وسلّم

اے آقا! اے سب کے آقا! ارض وسما ہیں زخمی زخمی
ان زخموں پہ مرہم مرہم‘ صلّی اللہ علیک وسلّم

☆......☆......☆